دار الافتاء والقضاء

الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۲۹۸ - کراچی پاکستان

ای میل:darulifta@gmail.com ویب سائٹ:www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس:2564586

سیریل نمبر	6693	نام	محبوب ربانی
فتوی نمبر	42663	پتہ	پشاور پاکستان
تاریخ	8/5/2009	موضوع	قادیانی شخص کی نماز جنازہ
ای میل		کاتب	شفیع اللہ

اسلام وعلیکم مفتی صاحب! مفتی صاحب میں ایک مسلمان شخص ہوں اور عقیدہ ختمِ نبوت پر کامل ایمان رکھتا ہوں؟ مفتی صاحب آج سے چھ سال پہلے میں نے ایک قادیانی شخص کے نمازِ جنازہ پڑھی تھی؟اس شخص کے ہمارے گھرانے پر بہت احسانات تھے ؟اسلیے مجھ سے یہ غلطی سرزد ہوئی تھی؟اس واقعے کے بعد سے میں نے اللہ پاک کے حضور بہت دفعہ معافی مانگی ہے؟ اور آئندہ کے لئے اس گناہ کو نہ کرنے کا عہد کیا ہے؟ کیا مجھے تجدید ایمان بھی کرنی پڑے گی یا میرا گناہ معاف ہو گیا ہے معافی مانگنے سے ؟اگر تجدید ایمان ضروری ہے تو اس کا طریقہ بھی بتا دیجیے؟ نوٹ: مفتی صاحب اس سوال کا جواب براہ مہربانی میرے پرسنل ای میل ایڈریس پر دیں؟ اور اپنی ویب سائٹ پر میرے سوال کو نہ دکھائیں

الجواب حامداً ومصلیاً

اگرچہ کسی غیر مسلم کے جنازہ میں شرکت کرنا دائرہ اسلام سے خروج کا سبب نہیں تاہم اپنی اس کوتاہی پر توبہ واستغفار کرنے اور آئندہ ایسی شرکت سے مکمل اجتناب کی بھی ضرورت ہے۔

فی الدر المختار: ولو سلم علی الذمی تبجیلا یکفر لأن تبجیل الکافر کفر اھ۔

وفی الشامیة: تحت قوله (تبجیلا) قال فی المنح قید به لأنه لو لم یکن کذلك بل کان لغرض من الاغراض الصحیحة فلا بأس به ولا کفر اھ (ص ۴۱۳ ج ۶)

واللہ تعالیٰ أعلم۔

شفیع اللہ عفی عنہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

۱۸ رشعبان المعظم ۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح

سیف اللہ ...

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

۱۸ رشعبان المعظم ۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح

عبد اللہ شوکت ...

دار الافتاء جامعہ بنوریہ ...

۱۸ رشعبان ۱۴۳۰ھ

نائب رئیس

دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

رئیس

دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

۴۲۶۶۳

۱۲/۸/۰۹